کتاب نما

شمائل و اخلاق نبویؐ، قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی، ترجمہ و تخریج و تعلیق: ڈاکٹر محمود الحسن عارف۔ ناشر: نفیس اکلوی، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۱۹۲۔ قیمت: ۴۰ روپے۔

ڈاکٹر محمود الحسن عارف نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل و اخلاق پر شاہ ولی اللہ اور مرزا مظہر جان جاناں شہید کے شاگرد، قاضی محمد ثناء اللہ پانی پتی کے مخطوطے حلیہ شریفہ کے ترجمے کے ساتھ ساتھ تحقیق کے تمام لوازم کا اہتمام کر کے ایک اہم خدمت انجام دی ہے۔ قاضی ثناء اللہ کی تفسیر مظہری (دس جلدیں) کے علاوہ ۳۸ دیگر تصنیفات کا بھی انھوں نے مختصر تعارف کروایا ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ، قاضی صاحب کو "بیہقی وقت" کہا کرتے تھے۔ شمائل نبویؐ پر شمائل ترمذی معروف کتاب ہے اور اس کی کئی شروح لکھی گئی ہیں۔ اس کے ساتھ بھی سہواً ترمذی لکھ دیا جاتا ہے جب کہ یہ ایک علیحدہ تصنیف ہے۔ اس کے ۱۸ ابواب ہیں جب کہ شمائل ترمذی کے ۵۳ ابواب ہیں۔ شمائل ترمذی کے بعض موضوعات اس میں نہیں ہیں اور بعض اس میں ہیں جو اس میں نہیں۔ اس کتاب میں اخلاق حسنہ، حسن معاشرت، ایذا پر صبر اور اعتکاف کے اضافے نے اسے اتباع سنت کے مقصد سے زیادہ ہم آہنگ کر دیا ہے۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اس دور کے احیاے اسلام کے تقاضوں کے تحت مرتب کی گئی ہے۔

کتاب کا مطالعہ نبی پاکؐ سے عشق و محبت کو تازہ کرتا ہے اور روز مرہ زندگی میں اختیار کرنے کے لیے نمونے سامنے لاتا ہے۔ رسولؐ سے محبت کے نام پر ہم جان دینے کو تیار ہیں لیکن ہم آپؐ کے طریقوں سے کتنے دور ہو گئے ہیں۔ آپؐ کی سادہ رہایش، گھر کے سارے کام اپنے ہاتھ سے کرلینا، کھجوریں خرید کر قمیص کے پلو میں ڈال کر لے آنا، گفتگو کرتے ہوئے مسکرانا، درشت سلوک پر بھی غصے میں نہ آنا، راتوں کی عبادت، دنیا کو اس کی جگہ پر رکھنا ـــــ کس کس بات کا ذکر کیا جائے۔

مترجم نے متن کی احادیث کی تخریج کی ہے اور کتب احادیث میں جہاں آئی ہیں، اس کا حوالہ دیا ہے۔ اس کے علاوہ بھی ضروری وضاحت کے لیے حاشیے لکھے ہیں۔ اس سے کتاب کی قدر و قیمت میں یقیناً اضافہ ہوا ہے لیکن ۲۷ صفحے کا مخطوطہ، جو ہمارے اندازے سے آج کل کے ۳۲ صفحے کا کتابچہ ہے، ایک عام قاری